تبصرے

ترجمان القرآن : از مولانا ابو الکلام آزادؒ جلد دوم تقطیع متوسط ضخامت ۱۸۴ صفحات ٹائپ جلی - طباعت اور کاغذ اعلیٰ - قیمت مجلد ۲۲ روپئے - پتہ :- ساہتیہ اکاڈمی - رابندرا بھون - نئی دہلی -

ساہتیہ اکاڈمی نئی دہلی نے مولانا ابو الکلام آزادؒ کی تمام کتابوں اور تحریروں کو نہایت اعلیٰ انتظام اور اہتمام کے ساتھ شائع کرنے کا جو منصوبہ بنایا ہے یہ کتاب اُس سلسلہ کی دوسری کڑی ہے اس سے پہلے اسی کتاب کی پہلی جلد جو سورۂ فاتحہ کی تفسیر پر مشتمل ہے شائع ہو کر سرمۂ اہلِ بینش و نظر ہو چکی ہے - ترجمان القرآن اصلاً تین جلدوں میں شائع ہوا تھا - اکاڈمی نے مطالعہ کی سہولت کی خاطر جلد اول کو تو یوں ہی رہنے دیا ہے - باقی دو جلدوں کی چار جلدیں بنا دی ہیں - جن میں سے پہلی جلد یہ ہے جو سلسلہ کی جلد دوم ہے اور سورہ بقرہ سے سورۂ انعام تک کے ترجمہ اور تفسیری حواشی پر محیط ہے - اکاڈمی نے جو اہتمام کیا ہے اُس کی وجہ سے کتاب ماڈرن طریقہ پر بالکل اپ ٹو ڈیٹ ہو گئی ہے - چنانچہ شروع میں ۸ صفحات میں مضامین کی فہرست ہے - اس کے بعد متن کتاب کے خاتمہ پر ۵ صفحات میں اُن تمام عبارتوں کی فہرست ہے جو کتاب کے پہلے اور دوسرے اڈیشنوں میں گھٹی یا بڑھی ہیں - اس کے بعد اشاریہ ہے نفس کتاب جس پایہ کی ہے اُس کے متعلق کچھ لکھنے کی ضرورت نہیں ہے کم از کم اردو میں یہ پہلی تفسیر ہے جس میں قرآن کو اُس کی اصل اسپرٹ میں (کلامی ، فقہی اور فنی مباحث سے بلند رکھ کر) سمجھنے کی کوشش کی گئی ہے - اکاڈمی اس اہتمام پر شکریہ کی مستحق ہے -

غبارِ خاطر : تقطیع متوسط - ضخامت ۱۸۱ صفحات - کتابت و طباعت و کاغذ اعلیٰ -